خبرنامہ ادارہ تحقیق و تصنیف اسلامی علی گڑھ

۱۔ صدرِ ادارہ مولانا سید جلال الدین عمری کی تصنیف "اسلام کی دعوت" مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز نئی دہلی کی مقبول کتابوں میں سے ہے۔ اندازِ بیان، مباحث اور طرزِ استدلال کے اعتبار سے دعوتی لٹریچر کی ایک اہم کتاب ہے۔ اب تک اس کے چھ ایڈیشن نکل چکے ہیں۔ پاکستان سے بھی اس کی اشاعت ہوئی ہے۔ تلگو ترجمہ بہت پہلے ہو چکا ہے۔ کنڑ ترجمہ اشاعت کے مرحلے میں ہے۔ اب مصنف کی نظرِ ثانی اور خاطر خواہ اضافوں کے ساتھ اس کا ساتواں ایڈیشن منظرِ عام پر آیا ہے صفحات ۳۴۸ قیمت =/۱۱۰

۲۔ مولانا عمری کی "کتاب مسلمان خواتین کی ذمہ داریاں" کا انگریزی ترجمہ Muslim Women-Role & Responsibilities کے نام سے شائع ہو چکا ہے۔ اب اس کا ترجمہ تمل زبان میں بھی ہو گیا ہے۔

۳۔ سکریٹری ادارہ ڈاکٹر فضل الرحمٰن فریدی موقر ماہنامہ "زندگیِ نو" دہلی کی بھی ادارت فرماتے ہیں۔ ان کے اداریے امت کے باشعور حلقوں میں بہت پسندیدگی کی نظر سے دیکھے جاتے ہیں۔ ان اداریوں کے کئی مجموعے مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز کی جانب سے شائع ہو چکے ہیں۔ حال میں ایک مجموعہ "دورِ حاضر کا کرب اور اسلام کا نظامِ رحمت" کے نام سے منظرِ عام پر آیا ہے۔ اس میں عصرِ حاضر کے گوناگوں مسائل میں اسلام کی رہنمائی پیش کی گئی ہے صفحات ۱۸۴ قیمت =/۵۰

۴۔ امریکہ کے ۱۱ ستمبر کے المیہ اور اس کے بعد رونما ہونے والے عالمی حالات کا بہت سے اہلِ قلم، صحافیوں اور دانشوروں نے مختلف پہلوؤں سے تجزیہ کیا ہے۔ اس موضوع پر انگریزی زبان میں شائع ہونے والی بعض اہم تحریروں کو محترم سکریٹری ادارہ نے Operation Enduring Freedom or Global Supremacy کے عنوان سے مرتب کر دیا ہے۔ یہ مجموعہ بھی مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز نئی دہلی نے شائع کیا ہے۔ صفحات ۲۲۶ قیمت =/۸۵ روپے

۵۔ رکنِ ادارہ ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی کی کتاب "حضرت ابراہیم علیہ السلام: حیات، دعوت اور عالمی اثرات" مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز نئی دہلی نے شائع کی ہے۔ اس میں ابوالانبیاء حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام کی داعیانہ زندگی اور دعوتی و تبلیغی جدوجہد کی وضاحت کے ساتھ ملتِ ابراہیمی اور اسوۂ ابراہیمی پر تفصیل سے روشنی ڈالی گئی ہے۔ صفحات ۲۰۰ قیمت =/۷۰ روپے

(ادارہ)